The Chief Minister highlighted efforts to empower women: "Practical steps are being taken at the government level to empower women in the dairy sector. Mobile veterinary services are being expanded to provide facilities to livestock farmers at their doorsteps, while a modern digital system has been introduced for monitoring and timely diagnosis of zoonotic diseases." He reiterated the commitment that genetic conservation of local breeds of livestock in Balochistan is very important for the economy and culture of the province, and all available resources are being utilized for this purpose. Moreover, in a separate message on World Malaria Day, Chief Minister Mir Sarfaraz Bugti said: "Malaria is a deadly but treatable disease, for the eradication of which collective efforts are indispensable. The government and the people must work together to take effective measures against this disease so that a healthy society can be formed."The Chief Minister announced that the provincial government is providing free facilities for timely diagnosis and effective treatment of malaria. He directed concerned institutions to make the provision of these facilities better and more effective so that people of remote areas can also benefit. He appealed to citizens: "Take precautionary measures to prevent malaria, take special care of cleanliness around yourselves, and ensure the elimination of stagnant water, as this is the main cause of the spread of the disease." The Chief Minister reiterated that protecting the health of every citizen of Balochistan is the first responsibility and priority of the government, and all available resources are being utilized to achieve this goal.

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Tribune Express Karachi
Bullet No 1 Dated: 25 APR 2026 Page No. 11

# Gwadar women bazaar opens

## First-of-its-kind market empowers female entrepreneurs

SARDAR HAMEED KHAN
GWADAR

Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti on Friday inaugurated the province's first-ever Gwadar Women Bazaar, describing it as a transformative initiative aimed at promoting financial independence and entrepreneurship among women.

The inauguration ceremony was attended by local officials, community members, and women entrepreneurs who will directly benefit from the project. The chief minister personally toured the market, inspected all 14 shops established in its initial phase, and engaged in detailed conversations with the women vendors. He listened to their concerns, welcomed their suggestions, and assured them government's continued support.

Addressing the gathering, Bugti emphasized that empowering women is a central priority of his administration. He said projects like the Gwadar Women Bazaar not only contribute to economic growth but also create opportunities for women to showcase their skills and talents. "Sustainable development is not possible without the active participation of women in the economy," he remarked, adding that the government is committed to creating an enabling environment for female entrepreneurs.

The bazaar currently features 14 shops offering a variety of locally produced goods, including handicrafts, traditional embroidery, garments, food items, and daily-use products. Soon after the inauguration, the market place began attracting customers, bringing visible excitement and hope among the shopkeepers.

One of the vendors expressed her happiness, calling the initiative a life-changing opportunity.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 26 APR 2026

Page No. 12

## دہشتگردی کیخلاف جنگ میں پولیس اہلکاروں کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائیگا، ضیاء لانگو

**ہیڈ کانسٹیبل رحمت خلجی نے دہشت گردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے شہادت کا بلند رتبہ حاصل کیا، گفتگو**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ بلوچستان پولیس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اہلکاروں کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا صوبائی حکومت امن و امان کے قیام اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے پرعزم ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے شہید پولیس ہیڈ کانسٹیبل رحمت خلجی کے گھر جا کر تعزیت کا اظہار اور فاتحہ خوانی موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر معاون برائے محکمہ داخلہ بابر یوسفزئی سمیت دیگر حکام بھی ان کے ہمراہ موجود تھے انہوں نے شہید کے لواحقین، بچوں اور سے ملاقات کی اور ان کے ساتھ دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے شہید کے بچوں سے خصوصی شفقت اور پیار کا مظاہرہ کرتے ہوئے انہیں حوصلہ دیا اور یقین دلایا کہ حکومت انہیں تنہا نہیں چھوڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہیڈ کانسٹیبل رحمت خلجی نے دہشت گردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے شہادت کا بلند رتبہ حاصل کیا، جس پر پوری قوم کو فخر ہے بلوچستان پولیس کی قربانیاں ناقابل فراموش ہیں اور دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اہلکاروں کی خدمات کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا شہید کے اہل خانہ خود کو تنہا نہ سمجھیں، حکومت ہر مشکل گھڑی میں ان کے ساتھ کھڑی ہے لواحقین کی کفالت اور بچوں کی تعلیم و تربیت کی ذمہ داری حکومت کی ذمہ داری ہے۔

## حکومت شعبہ صحت کی بہتری کیلئے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے، نور محمد دمڑ

**زیارت ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں نئی ڈائیلاسز مشینوں کے افتتاح کے موقع پر صوبائی وزیر کا خطاب**

زیارت (خ ن) صوبائی وزیر خوراک و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد خان دمڑ نے انسانیت کی خدمت کے مشن کے تحت زیارت ہیڈ کوارٹر ہسپتال میں نئی ڈائیلاسز مشینوں کا باقاعدہ افتتاح کیا اس موقع پر صوبائی وزیر نے کہا کہ ان جدید مشینوں کی تنصیب کا مقصد گردوں کے مریضوں کو بروقت، معیاری اور مفت علاج کی سہولیات فراہم کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت صحت کے شعبے کی بہتری کیلئے سنجیدہ اقدامات کررہی ہے تاکہ دور دراز علاقوں کے عوام کو بھی جدید طبی سہولیات میسر آسکیں انہوں نے مزید کہا کہ ڈائیلاسز مشینوں کی فراہمی سے نہ صرف مریضوں کو فوری طبی امداد ملے گی بلکہ ان کی قیمتی جانیں بچانے میں بھی مدد ملے گی۔ یہ اقدام گردوں کے امراض میں مبتلا افراد کیلئے ایک اہم پیش رفت ثابت ہوگا افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر زیارت عبدالقدوس اچکزئی، ڈی ایچ او ڈاکٹر رفیق مستوئی، ایم ایس ڈاکٹر عرفان الدین، قبائلی و سیاسی رہنما ملک حاجی محمد غوث پانیزئی، فوکل پرسن زیارت حاجی راز محمد خان دمڑ، ڈپٹی چیئرمین حبیب اللہ پانیزئی، حاجی عمران خان پانیزئی، حاجی محمد نور پانیزئی، ڈائریکٹر زراعت منیر ترین، حاجی نذیر پانیزئی، تحصیلدار نور احمد، ڈسٹرکٹ چیئرمین حاجی عبدالستار کاکڑ، ڈاکٹر محمد دین دمڑ سمیت قبائلی عمائدین، علماء کرام اور مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

MASHRIQ QUETTA

# صحبت پور میں میڈیکل سینٹر کا قیام عوام کیلئے بڑی نعمت ہے، سلیم کھوسہ

**انٹرنیشنل میڈیکل سینٹر میں طبی سہولیات ایک ہی چھت تلے فراہم کی جائیں گی، دور دراز کے عوام کو بھی فائدہ پہنچے گا، صوبائی وزیر**

**بنیادی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے، میڈیکل سینٹر کے افتتاح کے موقع پر خطاب، ڈی سی فریدہ ترین و دیگر افسران بھی موجود**

**ترقیاتی سکیمات میں کوتاہی ذمہ داران کیخلاف کارروائی کا سبب بنے گی، صحبت پور میں منصوبوں کے جائزے کے موقع پر گفتگو**

نصیر آباد (نامہ نگار) صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ نے صحبت پور میں سابق سیکرٹری کے نام سے منسوب علاقے میر غلام محمد خان گولہ میں انٹرنیشنل میڈیکل سینٹر کا باقاعدہ افتتاح کیا افتتاحی تقریب میں ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین ایس ایس پی صحبت پور عبدالحمید ضلع کونسل کے چیئرمین ایڈووکیٹ مسعود احمد کھوسہ سمیت سیاسی، سماجی اور قبائلی عمائدین نے بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب میں ......... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

حاجی علی احمد خان کھوسہ یوسی چیئرمین میر ایاز خان کھوسہ، میر دودا خان ندوانی میر عبدالمجید عرف دادے کھوسہ میر سرفراز خان کھوسہ حاجی میر اشرف علی کھوسہ ایڈووکیٹ علی حسن کھوسہ عطاء اللہ خان کھوسہ یونین آف جرنلسٹس صحبت پور کے صدر جمیل خان بلوچ حاجی منشی محمد عالم کھوسہ اور حاجی زین العابدین کھوسہ سمیت دیگر معززین صحافی برادری، پیرامیڈیکل اسٹاف اور سول سوسائٹی کے نمائندگان بھی موجود تھے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا کہ انٹرنیشنل میڈیکل سینٹر کا قیام علاقے کے عوام کیلئے ایک بڑی سہولت ہے جہاں جدید طبی سہولیات ایک ہی چھت تلے فراہم کی جائیں گی انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان صحت کے شعبے میں بہتری کیلئے عملی اقدامات کررہی ہے تاکہ دور دراز علاقوں کے لوگوں کو بھی معیاری علاج میسر آسکے

# عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کیلئے پرعزم ہیں، بخت محمد کاکڑ

**ڈاکٹروں و عملے کی کمی کو پورا کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے، وزیر صحت بلوچستان**

**ادویات کی شفاف فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے جدید مانیٹرنگ سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے، بات چیت**

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے پرعزم ہے اور اس سلسلے میں ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن، جدید طبی آلات کی فراہمی اور ڈاکٹروں و عملے کی کمی کو پورا کرنے پر خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی انہوں نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں بنیادی مراکز صحت کو فعال بنایا جا رہا ہے تاکہ عوام کو اپنے علاقوں میں ہی علاج کی سہولت میسر آسکے۔ ان کا کہنا تھا کہ ماں اور بچے کی صحت کے پروگرامز کو بھی مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے، جبکہ ایمرجنسی سروسز کو بہتر بنانے کے لیے خصوصی فنڈز مختص کیے گئے ہیں وزیر صحت نے مزید کہا کہ صوبے میں ادویات کی شفاف فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے جدید مانیٹرنگ سسٹم متعارف کرایا جا رہا ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ ان اقدامات سے نہ صرف عوام کو بہتر سہولیات میسر آئیں گی بلکہ صحت کے شعبے پر عوام کا اعتماد بھی بحال ہوگا۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 26 APR 2026

Page No. 13

# اقوام متحدہ میں انسداد دہشتگردی مباحثہ، بی ایل اے، ٹی ٹی پی کے خطرات پر غور

## انسداد دہشت گردی اقدامات پاکستان کی اولین ترجیح، دہشت گردی کی بدلتی نوعیت کے خطرات پر بات ہونی چاہئے، عاصم افتخار

### قائم مقام انڈر سیکریٹری جنرل زرویوف کا مصنوعی ذہانت سمیت نئے اور ابھرتے خطرات سے نمٹنے کیلئے پیشگی اقدامات کی ضرورت پر زور

نیویارک (م ڈ) اقوام متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ انسداد دہشت گردی اقدامات پاکستان کی اولین ترجیحات میں سے ایک ہیں، دہشت گردی کی بدلتی نوعیت کے خطرات پر بات ہونی چاہئے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق اقوام.........

بقیہ22 صفحہ نمبر7 پر

متحدہ میں پاکستان کے مستقل مشن نے اقوام متحدہ کے دفتر برائے انسداد دہشت گردی (یو این او سی ٹی) کے ساتھ مل کر اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹرز میں دہشت گردی کے نئے اور ابھرتے رجحانات کے موضوع پر ایک تقریب کا انعقاد کیا۔ اس تقریب نے مختلف نقطہ نظر کے حامل سفارت کاروں، اقوام متحدہ کے پالیسی ماہرین، سول سوسائٹی، نجی شعبے اور تعلیمی اداروں سے وابستہ انسداد دہشت گردی کے ماہرین کو اپنے خیالات کے تبادلے کے لئے ایک موثر پلیٹ فارم فراہم کیا، تقریب کی مشترکہ صدارت پاکستان کے مستقل مندوب عاصم افتخار احمد اور یو این او سی ٹی کے قائم مقام انڈر سیکریٹری جنرل الیگزینڈر زرویوف نے کی، افتتاحی کلمات دونوں شریک صدور نے ادا کیے جبکہ مسٹر رافع شاہ، چیف، پالیسی، نالج مینجمنٹ اینڈ کوآرڈینیشن برانچ، UNOCT، نے نظامت کے فرائض انجام دیے۔ پینل مباحثوں میں دہشت گردی کے عالمی ہاٹ اسپاٹس، زیر قبضہ علاقوں میں رہنے والی کمیونٹیز کے خلاف دہشت گردی، افغانستان میں قائم دہشت گرد گروہوں جیسے ٹی ٹی پی، بی ایل اے اور مجید بریگیڈ، ای ٹی آئی ایم، داعش خراسان اور مغربی افریقہ و ساحل میں سرگرم گروہوں جیسے جے این آئی ایم کے خطرات پر بھی غور کیا گیا

JANG QUETTA

# تندوروں اور قصائیوں کے خلاف کارروائیاں، 8 گرفتار، جیل منتقل

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی کی ہدایات کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے تندوروں اور قصائیوں کے خلاف کارروائیاں کیں 8 افراد گرفتار جیل منتقل، تفصیلات کے مطابق اسپیشل مجسٹریٹ حبیب سردار نے عالمو چوک اور نواں کلی کے علاقوں میں کارروائیاں کرتے ہوئے وزن میں کمی کرنے والے تندوروں اور سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے والے قصابوں کے خلاف سخت ایکشن لیا۔ کارروائیوں کے دوران 8 افراد کو گرفتار کر کے جیل منتقل کیا گیا جبکہ 4 دکانوں کو سیل کر دیا گیا۔

# کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں تجاوزات کیخلاف کارروائی

### سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کو تحویل میں لے لیا گیا

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ضلعی انتظامیہ اور ٹریفک پولیس نے مشترکہ طور پر تجاوزات کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران سڑکوں اور فٹ پاتھوں پر قائم غیر قانونی تجاوزات کو تحویل میں لے لیا گیا، جبکہ ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ بننے والے تھڑوں اور چھپاروں کو بھی مسمار کر دیا گیا۔ حکام کے مطابق یہ اقدامات شہر میں ٹریفک کی ........

بقیہ 66 صفحہ نمبر7 پر

روانی کو بہتر بنانے اور شہریوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے کیے جا رہے ہیں۔ ٹریفک پولیس اور ضلعی انتظامیہ نے واضح کیا ہے کہ تجاوزات کے خلاف آپریشن آئندہ بھی جاری رہے گا اور کسی قسم کی خلاف ورزی برداشت نہیں کی جائے گی۔

INTEKHAB QUETTA

# کمرشل کمپلیکس دکانوں کی شفاف الاٹمنٹ ہوگی، چیئرمین گوادر پورٹ

### مقامی تاجروں اور خواتین کو ترجیح دی جائے گی، نورالحق کی میونسپل کارپوریشن دورے پر گفتگو

گوادر (بیورو رپورٹ) گوادر میں ترقی کے ثمرات مقامی آبادی تک پہنچانے پر زور، کمرشل کمپلیکس کی دکانوں کی شفاف الاٹمنٹ ہوگی، مقامی تاجروں اور خواتین کو ترجیح دی جائے گی، شہر کی بہتری اور معیشت کے استحکام پر خصوصی توجہ مرکوز ہے، چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کا میونسپل کارپوریشن کے دورے کے دوران تبادلہ خیال، تفصیلات کے مطابق چیئرمین گوادر بندرگاہ نورالحق بلوچ نے شہرداری گوادر (میونسپل کمیٹی گوادر) کا دورہ کیا، جہاں چیئرمین میونسپل کمیٹی ماجد جوہر، وائس چیئرمین سیف اللہ ہوت اور کونسلران نے ان کا استقبال کیا۔ دورے کے موقع پر چیئرمین گوادر بندرگاہ نے میونسپل آفس

بقیہ نمبر25 صفحہ 5 پر

میں رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ، چیئرمین میونسپل کمیٹی گوادر ماجد جوہر، وائس چیئرمین سیف اللہ ہوت اور دیگر کونسلران سے ملاقات کی، ملاقات میں گوادر پورٹ کی ترقی، ماہیگیری کے مسائل اور شہر کو درپیش بنیادی چیلنجز سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر شرکاء نے اس بات پر زور دیا کہ گوادر پورٹ کی ترقی کے ثمرات مقامی آبادی تک منتقل ہونا ضروری ہے، جبکہ ماہیگیر برادری کو درپیش مسائل کے حل کے لیے بہتر اقدامات کیے جائیں۔ چیئرمین گوادر پورٹ نے کہا کہ بندرگاہ کی ترقی کے ساتھ ساتھ شہر کی بہتری اور مقامی معیشت کے استحکام پر بھی خصوصی توجہ دی جا رہی ہے۔ ملاقات کے دوران ایم پی اے گوادر مولانا ہدایت الرحمان بلوچ نے جی پی اے کمرشل کمپلیکس میں زیر تعمیر دکانوں کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا اور مقامی افراد کو ترجیح دینے پر زور دیا۔ اس پر چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ نے اعلان کیا کہ جی پی اے کی جانب سے جلد کمرشل کمپلیکس کے لیے باقاعدہ اشتہار جاری کیا جائے گا، جس کے ذریعے تمام اہل افراد درخواستیں جمع کرا سکیں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دکانوں کی الاٹمنٹ شفاف طریقے سے کی جائے گی اور اس عمل میں گوادر کے مقامی تاجروں، بالخصوص خواتین کو ترجیح دی جائے گی تاکہ مقامی سطح پر روزگار اور کاروباری مواقع کو فروغ مل سکے۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 34

Dated: 26 APR 2026

Page No. 15


## قومی حقوق، وسائل کی جدوجہد کو مزید تیز کرنا ہوگا، نصراللہ زیرے

**موجودہ حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ عوام کو پارٹی کے پلیٹ فارم پر متحد کیا جائے، خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، صوبائی آفس سیکریٹری نداسنگر اور صوبائی ڈپٹی سیکریٹری محمود ریاض نے کہا ہے کہ پشتونخوا نیپ اپنے محکوم و مظلوم پشتون افغان ملت کی قومی نجات، سیاسی شعور، جمہوری حقوق اور قومی خودمختاری کے حصول کے لیے ایک نمائندہ سیاسی جماعت ہے۔ پارٹی اپنی قومی ذمہ داریوں سے بخوبی آگاہ ہے اور پشتون عوام کو اپنے قومی حقوق، وسائل پر اختیار اور باوقار مستقبل کے لیے مزید متحد، منظم اور متحرک ہو کر جدوجہد کو تیز کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ پشتون عوام کی قومی خودمختاری، اپنے وسائل پر قومی کنٹرول، سیاسی اختیار اور جمہوری حقوق کے حصول کے لیے منظم سیاسی جدوجہد ناگزیر ہے۔ موجودہ حالات اس امر کے متقاضی ہیں کہ عوام کو پارٹی کے پلیٹ فارم پر متحد کیا جائے، تنظیمی ڈھانچے کو مزید مضبوط بنایا جائے اور ہر سطح پر سیاسی بیداری پیدا کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے بنیادی ڈھانچے، ابتدائی یونٹوں کے قیام، تنظیمی وسعت اور عوام کو پارٹی کی صفوں میں شامل کرنے کے لیے ہمہ جہت اور مسلسل کوششوں کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ 10 مئی کو کوئٹہ میں پارٹی کے عظیم رہنما، مدبر سیاستدان اور دانشور استاد عبدالرحیم خان مندوخیل کی 9ویں برسی نہایت عقیدت و احترام سے منائی جائے گی۔ اس عظیم اجتماع کو کامیاب بنانے کے لیے کارکنوں کو دن رات محنت، بھرپور تیاری اور عوامی رابطہ مہم کو تیز کرنا ہوگا تاکہ اس موقع پر پارٹی کے نظریات، جدوجہد اور قومی پیغام کو مزید موثر انداز میں عوام تک پہنچایا جا سکے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ شہر علاقائی یونٹ کے زیر اہتمام سرکلر روڈ ابتدائی یونٹ کی سالانہ کانفرنس (انتخابات) کے موقع پر کارکنوں کے ایک بڑے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اجتماع میں کارکنوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور پارٹی تنظیمی امور، مستقبل کے پروگراموں اور عوامی رابطہ مہم پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس سے قبل یونٹ کے سیکریٹری نے گزشتہ سال کی تنظیمی کارکردگی، عوامی سرگرمیوں، رکنیت سازی مہم اور دیگر امور پر مشتمل تفصیلی رپورٹ پیش کی، جسے کارکنوں نے غور و خوض کے بعد منظور کر لیا۔ بعدازاں پارٹی سرکلر روڈ ابتدائی یونٹ کے نئے ایگزیکٹو کا انتخاب عمل میں لایا گیا۔ انتخابی عمل کے نتیجے میں محمد رضا خان سیکریٹری، ذبیح اللہ ترین سینئر معاون سیکریٹری منتخب ہوئے، جبکہ حاجی محمد صدیق، ادریس خان، حاجی حکمت اللہ، محمد ترین اور سمیع اللہ معاونین منتخب قرار پائے۔ نو منتخب ایگزیکٹو سے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے نے حلف لیا اور انہیں مبارکباد دیتے ہوئے تنظیمی ذمہ داریاں احسن انداز میں نبھانے کی ہدایت کی۔ اس موقع پر حاجی محمد نسیم خان، صبور احمد ترین، سبحان علی کاکڑ اور عبدالخالق خلجی نے پشتونخوا نیپ میں شمولیت کا اعلان کیا، جس پر پارٹی رہنماؤں اور کارکنوں نے ان کا خیر مقدم کیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ پارٹی میں نئے ساتھیوں کی شمولیت اس بات کا ثبوت ہے کہ عوام پارٹی کے نظریات اور جدوجہد پر اعتماد رکھتے ہیں۔ انتخابی کانفرنس سے علاقائی سیکریٹری سید عبداللہ آغا اور پارٹی کی مرکزی کمیٹی کے رکن نورالامین خان نے بھی خطاب کیا اور تنظیمی استحکام، کارکنوں کے کردار اور سیاسی جدوجہد کی اہمیت پر روشنی ڈالی، جبکہ نظامت کے فرائض رفیع اللہ پشتون نے سرانجام دیے۔ علاوہ ازیں پشتونخوا نیپ سریاب، خلجی کالونی، کلی شموزئی علاقائی ایگزیکٹو کا اجلاس علاقائی سیکریٹری حاجی نورگل سلیمان خیل کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں پارٹی کے صوبائی صدر نصراللہ خان زیرے، سینئر معاون سیکریٹری عبدالواحد اندڑ اور علاقائی ایگزیکٹو کے دیگر اراکین نے شرکت کی۔

## بلوچستان پاکستان کا دل، ایک دوسرے سے الگ نہیں ہو سکتے، بلاول بھٹو

**پرانے ورکر پارٹی کا اثاثہ ہیں، انہیں ہم کبھی نہیں بھلائیں گے، چنگیز جمالی کی قیادت میں وفد سے گفتگو**

اوستہ محمد (آن لائن) بلوچستان کی صورت حال پر پوری نظر ہے انشاء اللہ اگلے مہینے دورہ کرونگا۔ پرانے ورکر پارٹی کے اثاثے ہیں انشاء اللہ بلوچستان کے عوام کے حقوق ان کو ملیں گے بلوچستان پاکستان کا دل ہے چیئرمین بلاول بھٹو بلوچستان کی احساس محرومی کو دور کیا جائے پرانے پارٹی ورکروں کا خیال کریں تاکہ ورکر دلجوئی سے کام کریں سابق صدر و پارلیمانی کمیٹی میر چنگیز جمالی اور وفد کی بلاول سے کراچی میں ملاقات تفصیلات کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا دل بلوچستان ہمیں جان سے پیارا ہے یہ ایک دوسرے سے الگ نہیں ہو سکتے ہیں حالات خراب کرنے والے چین سے نہیں بیٹھیں گے انہوں نے کہا کہ وہ آئیں بیٹھیں بلوچستانی بھائیوں کو ان کے جائز حقوق میں گے پارٹی کے حوالے سے بلاول بھٹو نے کہا کہ پرانے ورکر جیالے پارٹی کے اثاثے ہیں انہیں ہم کبھی نہیں بھلائیں گے انشاء اللہ آنے سینٹ کے الیکشن میں چنگیز خان کو لائیں گے آپ ہمارے جیالے ہیں اس موقع پر میر چنگیز خان جمالی پی پی پی کے رہنما سابق ایم پی اے میر حیدر علی خان جمالی نے ان کا شکریہ ادا کیا، ملاقات میں مارکیٹ کمیٹی اوستہ محمد کے چیرمین و پی پی پی نصیرآباد ڈویژن کے سینئر نائب صدر میر مرتضیٰ خان جمالی بھی ان کے ہمراہ تھے آخر میں میر چنگیز جمالی اور وفد نے چیرمین بلاول بھٹو کا شکریہ ادا کیا۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MEEZAN QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 26 APR 2026

Page No. 19

# صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ایک اور اہم شاہراہ کا افتتاح!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں جہاں عوام کو ٹریفک جام کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جس کی ایک اہم وجہ سڑکیں تنگ ہونے کے ساتھ ساتھ ناجائز تجاوزات کی بھرمار ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں قائم صوبائی مخلوط حکومت ٹریفک کو رواں رکھنے اور تجاوزات کے خاتمے کے لیے اقدامات کر رہی ہے۔ شہر کی کچھ اہم شاہراہوں کی توسیع اور کچھ نئی بنادی گئی ہیں جس سے ٹریفک کے بہاؤ میں اچھی خاصی بہتری ہو رہی ہے جو کہ اچھی بات ہے۔

گذشتہ روز وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں ایک اہم شاہراہ کا افتتاح کیا جو چمن پھاٹک سے کوئلہ پھاٹک تک بنائی گئی ہے۔ چونکہ یہ اہم سڑک چمن پھاٹک سے کوئلہ پھاٹک تک ون وے ہے اس موقع پر وزیراعلیٰ بلوچستان نے اس کے ساتھ نئی سڑک بنانے کا اعلان کا بھی کیا تاکہ دونوں اطراف سے ٹریفک چل سکے۔

اس موقع پر افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ بلوچستان نے واضح کیا کہ عوام کا پیسہ کسی صورت ضائع نہیں ہونے دیا جائے گا۔ تمام منصوبوں میں شفافیت کو یقینی بنایا جائے گا۔ اس طرح عوام کی امانت ایک ایک پائی عوام کی بہبود پر خرچ کی جائے گی۔ گذشتہ مالی سال بھی بجٹ میں مختص ترقیاتی وسائل کا بروقت استعمال یقینی بنایا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت بلوچستان عوام کو معیاری انفراسٹرکچر کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے

معیار کو یقینی بنایا جا رہا ہے۔ اس موقع پر بریفنگ دیتے ہوئے صوبائی سیکرٹری مواصلات و تعمیرات بابر خان نے بتایا کہ 1.02 کلومیٹر طویل سڑک محض 76 دنوں میں مکمل کی گئی۔ منصوبے کی مجموعی لاگت 33 کروڑ 83 لاکھ 60 ہزار روپے مقرر کی گئی تھی جبکہ اس پر 30 کروڑ 86 لاکھ 30 ہزار روپے خرچ ہوئے یوں منصوبے میں 2 کروڑ 97 لاکھ 30 ہزار روپے کی بچت کی گئی۔ اس منصوبے سے ایئرپورٹ روڈ، شہباز ٹاؤن، ماڈل ٹاؤن اور دیگر ملحقہ علاقوں کے ہزاروں شہری مستفید ہوں گے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ چمن پھاٹک سے کوئلہ پھاٹک بننے والی شاہراہ قابل تعریف اقدام ہے کیونکہ اس سے ہزاروں شہری مستفید ہوں گے اور اس طرح یہ شاہراہ بننے سے مذکورہ علاقوں میں ٹریفک جام کا مسئلہ بھی کافی حد تک حل ہو جائے گا جو کہ بلاشبہ خوش آئند بات ہے۔ اس شاہراہ میں مجموعی لاگت سے 2 کروڑ روپے سے زائد کی جو بچت کی گئی ہے وہ اس بات کا ثبوت ہے کہ موجودہ حکومت عوام کے ایک ایک پائی عوام کی بہبود پر خرچ کروانا چاہتی ہے اس سلسلے میں وزیراعلیٰ کا مذکورہ بیان قابل تحسین ہے۔

اب یہاں ضرورت اس امر کی ہے کہ صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں مزید سڑکوں کی توسیع کرنی چاہیئے کیونکہ ٹریفک جام کے مسئلے کو ختم کرنے کے لیے ایسا کرنا انتہائی ناگزیر ہے۔

امید ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اس طرح عوام کے مسائل کے حل کرنے کو ترجیح دیں گے اور اس کو حل کروانے کے لیے متعلقہ حکام کو ہدایات دیں گے اور ان پر نظرثانی کے لیے چیک اینڈ بیلنس کا نظام رائج کرینگے تاکہ ان میں کوئی گڑبڑ نہ ہونے پائے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 26 APR 2026 Page No. 18

# بلوچستان میں چین کے تعاون سے ماں اور نومولود بچوں کیلئے طبی مراکز کا قیام، ایک انقلابی قدم!

بلوچستان میں چین کے تعاون سے صحت کے شعبے میں ایک بڑے اقدام کے تحت صوبے کے سات اضلاع کے ایک سو طبی مراکز میں ماں اور نومولود بچوں کی صحت کے لیے طبی سہولیات کی بہتری کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ زچہ و بچہ کی نگہداشت کے نظام کو مؤثر بنانے اور عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کی جانب ایک اہم پیش رفت قرار دیا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے منصوبے کے آغاز پر حکومتِ چین کے تعاون کو سراہتے ہوئے کہا کہ ہم اس اہم اشتراک پر حکومتِ چین کے مشکور ہیں اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ یہ منصوبہ پاک چین دوستی اور باہمی تعاون کی ایک شاندار مثال ہے جو دونوں ممالک کے درمیان مضبوط تعلقات کی عکاسی کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس اقدام کے ذریعے ماں اور بچے کی بہتر نگہداشت کو یقینی بنایا جائے گا اور صوبے میں زچہ و بچہ کی صحت کو اولین ترجیح بنایا جا رہا ہے۔ وزیر اعلیٰ نے واضح کیا کہ حکومت عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے تاکہ صحت کے شعبے میں نمایاں بہتری لائی جا سکے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ پاک چین دوستی ترقی اور خوشحالی کی ضمانت ہے اور مشترکہ کاوشوں کے ذریعے عوام کو صحت سمیت مختلف شعبوں میں سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ ایسے منصوبوں کا دائرہ کار مزید بڑھایا جائے گا تاکہ زیادہ سے زیادہ شہری ان سے مستفید ہوں اور صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہو۔ بہرحال ملک کے دیگر صوبوں کی نسبت بلوچستان میں ماں اور بچوں کی اموات کی شرح سب سے بلند ہے، جس کی بڑی وجہ صوبے میں خوراک کی شدید کمی ہے، جس کی شرح 52.2 فیصد اور ماؤں میں خون کی کمی کی شرح 47.3 فیصد ہے جبکہ صحت کے مراکز میں مناسب طبی سہولیات نہ ہونے کی وجہ سے بھی اموات ہوتی ہیں جن میں بچوں کی تعداد زیادہ ہے۔ بلوچستان میں نیوٹریشن پروگرام کے تحت اس اہم نوعیت کے مسئلے پر قابو پانے کیلئے ماضی میں اقدامات کیے گئے مگر سب سے اہم طبی مراکز کی فعالیت اور غذائی خوراک کی کمی کو دور کرنا ہے، جس میں طبی مراکز کا کردار کلیدی ہے۔ بلوچستان میں چین کے تعاون سے صوبے کے سات اضلاع کے ایک سو طبی مراکز میں ماں اور نومولود بچوں کی صحت کے لیے طبی سہولیات کی بہتری کیلئے اقدامات قابل ستائش ہیں اس سے یقیناً اس اہم نوعیت کے مسئلے پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ بروقت علاج اور غذائی خوراک کے حوالے سے ماہرین کی مشاورت کارآمد ثابت ہوگی۔ بلوچستان حکومت کی جانب سے صحت جیسے اہم شعبے میں بہتری لائی جا رہی ہے جو قابل تعریف عمل ہے، جس سے غریب عوام کو مفت اور بہتر علاج کی سہولیات میسر آئیں گی خاص کر ماں اور نومولود بچوں کیلئے طبی مراکز کا قیام ایک انقلابی قدم ہے، جس سے مستقبل میں ماں اور نومولود بچوں کی تندرستی میں بہتری آئے گی اور اموات کی شرح پر قابو پایا جا سکے گا۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily Balochistan Time Quetta
6
20
Sheet No.
Dated:
Page No.

# Ecological integrity

The recent high-level dialogue between the Balochistan Forest and Wildlife Department and the Reko Diq Mining Company (RDMC) marks a pivotal moment in the province's industrial evolution. As Balochistan stands on the precipice of a mining boom, particularly in the mineral-rich Chagai district and the wider Rakhshan division, the integration of environmental sustainability into the core of extractive operations is no longer a peripheral concern it is a survival imperative.

For too long, mining has been viewed through a purely economic lens, often at the expense of the fragile ecosystems that sustain local life. The Forest Department's presentation of a comprehensive climate change mitigation plan is a refreshing departure from this outdated paradigm. By focusing on forest conservation, rangeland restoration, and the creation of shelterbelt plantations, the proposed framework acknowledges that the "footprint" of a mine extends far beyond the perimeter of the pit. In the arid landscapes of Balochistan, where desertification is a constant threat, these strategic interventions are essential to prevent the irreversible degradation of the land.

The emphasis on a "landscape-based approach" is particularly noteworthy. Ecosystems do not function in isolation; the health of a rangeland in Chagai directly impacts the biodiversity and climate resilience of the entire Rakhshan division. By proposing measures to improve wildlife habitats alongside mining operations, the government is signaling that industrial progress does not have to mean ecological erasure.

However, the transition from a "comprehensive plan" to visible results requires more than just administrative synergy. Balochistan is already grappling with the harsh realities of climate change, prolonged droughts, flash floods, and dwindling green cover. In such a vulnerable region, the environmental impact of large-scale mining could act as a force multiplier for these disasters if not managed with surgical precision.

The ongoing reforestation initiatives highlighted by the department must be scaled and strictly monitored. It is pragmatic, and indeed essential, that the environmental cost of mining is calculated with the same rigor as its profit margins. The collaboration with RDMC sets a precedent: the privilege of extracting Balochistan's underground wealth must come with the responsibility of protecting its overground heritage.

Better planning today centered on biodiversity, community resilience, and ecosystem restoration—is the only way to ensure that the minerals of tomorrow do not leave behind a wasteland of yesterday. The government and mining entities must remain steadfast in this partnership, ensuring that the "Green Cover" of Balochistan grows in tandem with its industrial ambitions.

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily Balochistan News Quetta

Bullet No. 6

Dated: 26 APR 2026

Page No. 21

# وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی کا کتابوں کے عالمی دن پر پیغام اور کتاب میلہ

کتابوں کا عالمی دن ہر سال 23 اپریل کو منایا جاتا ہے، جس کا مقصد مطالعہ، اشاعت، اور کاپی رائٹ کو فروغ دینا ہے۔ یہ دن یونیسکو غزل کی جانب سے کتب بینی کی اہمیت کو اجاگر کرنے اور علم کی روشنی پھیلانے کے لیے منایا جاتا ہے، جس میں دنیا بھر میں کتب میلے اور علمی تقریبات منعقد کی جاتی ہیں۔ بلوچستان میں یہ دن خاموشی سے اپنی اداسی اور تنہائی لیکر گیا، تاہم بلوچستان کے وزیرِ اعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کتابوں کے عالمی دن کے حوالے سے ایک پیغام دیا۔ کہ صوبے کی ترقی و تعمیر کیلئے ضروری ہے کہ کتابوں سے رشتہ استوار رکھا جائے۔ انھوں نے کتاب کی اہمیت و افادیت کو بھی اجاگر کیا کیا ہی اچھا ہوتا وزیرِ اعلیٰ صاحب اس موقع پر طلبا کیلئے تعلیمی اداروں میں قفل زدہ کتب خانوں کو فعال کرنے کے احکامات صادر فرماتے ہوئے زنگ آلودہ الماریوں میں پڑی خستہ و بوسیدہ کتابوں کی جگہ اپنے فنڈ سے علمی و ادبی کتابوں کی فراہمی کا اعلان کرتے، اور تعلیمی اداروں میں سربراہان کو پابند کرتے کہ فی الفور اسکولز اور کالجز میں طلبا کیلئے اسٹڈی ٹائم کا پریڈ شروع کریں۔ اس وقت صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے اسکولز میں لائبریری کا تصور ناپید ہے۔ ہم ان سطور کے ذریعے مطالبہ کرتے ہیں کہ اسکولز میں طلبا کے بینی کی طرف راغب کیا جائے۔) کاش تیرے دل میں اتر جائے میری بات قلات پبلشر کوئٹہ کا سب سے فعال اور متحرک اشاعتی داری ہے اس کے بانی معروف دانشور، تحریک پاکستان کے رہنما اور علم دوست سینیٹر زمرد حسین تھے ان کا لگایا ہوا پودا آج پورے آب و تاب سے اپنی بہار دکھا رہا ہے۔ قلات پبلیشرز نے کتاب کلچر کو فروغ




دینے کیلئے 22 اپریل تا 30 اپریل 50 فیصد کی رعایتی قیمت پر علمی، دبی و رتاریخی کتب کی سیل کا اعلان کرتے ہوئے کتاب میلہ کا اہتمام کیا ہے۔ پشتو اکیڈمی نے حالیہ دنوں کئی کتابوں کی اشاعت کی یقینی بنا کر نہایت عمدہ ادبی ترقی و ترویج کی راہ ہموار کی ہے۔ اس بار پشتو اکیڈمی نے حافظ رحمت اللہ نیازی کی کتاب اکبر کا ہندوستان، پروفیسر محمود ایاز کی کتاب ادبی تیموری، اوصاف باسط قیمتی نظمونہ، ڈاکٹر عبداللہ خان عابد کی کتاب نامِ خدا اور ڈاکٹر ذاکر زیارتوال کا تحقیقی جائزہ کے علاوہ عبدالکریم عامر کی پشتو لغات کا تیسرا حصہ شائع کیا ہے۔ بلوچستان رائٹرز گلڈ) برگ (نیا ادبی رواجوں کا آمین ہونے کے ناطے سولہ شعری مجموعوں کی شاعرہ صدف غوری کیتازہ مجموعے سنگِ صدف کی تقریبِ رونمائی ریڈیو پاکستان کوئٹہ میں بھرپور انداز میں منا کر اپنی سابقہ روایات کو برقرار رکھا۔ تقریب کی صدارت پروفیسر رشید حسرت نے کی جبکہ پروفیسر ڈاکٹر عمران کامل ہاشمی، محترمہ تسنیم صنم اور ایڈووکیٹ سید سلیم رضا نے مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ شہزاد عالم نے حمد و نعت سے تقریب کا آغاز کیا۔ نظامت کے فرائض شیخ فرید راقم الحروف نے انجام دیئے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کہا کہ شاعری انسان کے احساسات، جذبات اور مشاہدات کی عکاسی کا نام ہے۔ سید سلیم رضا نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ صدف غوری کا شعری مجموعہ ادبی میدان میں ایک مثبت اضافہ ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں اردو شاعری مقبولیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے اب کوئٹہ میں مشاعرے کا تسلسل بڑھ رہا ہے جو خوش آئند امر ہے۔ مذکورہ تقریب بلوچستان ریفارمز کے اشتراک سے منعقد کی گئی۔ تقریب میں پروفیسر شاہ محمد شاہی، صدف غوری، پروفیسر رشید حسرت، محترمہ تسنیم صنم، شہزاد عالم، ڈاکٹر عمران ہاشمی، محترمہ غزالہ بٹ، عجب ساحل، محترمہ نرگس ندیم نے اپنا کلام سنایا۔ جبکہ بلوچستان ریفارمز کی محترمہ ناہید کریم، محترمہ بشریٰ میروانی، محترمہ فوزیہ کاسی سمیت دیگر شخصیات نے خطاب کیا، مقررین نے کہا کہ ہر دور کے شعرا کی تحریریں اپنے عہد کے حالات کی عکاسی کرتی ہیں اور نوجوانوں کو شاعری کی طرف راغب ہونا چاہیے کیونکہ یہ تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دیتی ہیمقررین نے صدف غوری کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ ادبی میدان میں انکی گرانقدر خدمات ہیں وہ 16 شعری مجموعوں کی مصنفہ ہیں تقریب کے اختتام پر صدرِ مجلس پروفیسر رشید حسرت نے صدارتی خطبہ پیش کیا۔ بعدازاں شعرا میں صدف غوری نے اپنی تصانیف پیش کیں۔ بلوچستان رائٹرز گلڈ) برگ (نے صدف غوری کو کتاب دوستی کے حوالے "برگ اعزازی شیلڈ" سے نوازا۔ تقریب کو صدیقہ خان اسٹیشن ڈائریکٹر ریڈیو پاکستان کوئٹہ کے علاوہ کلیم بلوچ، وسیم احمد اور ارسلان فیاض سربراہ بلوچستان ریفارمز نے بھی رونق بخشی۔ کل بروز اتوار شیرِ آفاق شاعر زاہد آفاق نے اپنی رہائش گاہ پر معروف شاعر سرور جاوید کے اعزاز میں محفلِ مشاعرہ کا اعلان کیا ہے ہماری اطلاعات کے مطابق مشاعرے میں بی بی سے عظمیٰ جون اور امیت کمار شرکت رہے ہیں دیگر شعرا کرام میں سرور سودائی، اور پشتو شاعر عادل اچکزئی شامل ہونگے۔